یہ مقالہ بعض اضافوں کے ساتھ اب کتابی صورت میں شائع ہوگیا ہے۔ فاضل مصنف نے بڑی تحقیق اور محنت و کاوش سے اس کو ترتیب دیا ہے اور متعدد حوالوں سے اپنے موقف کی وضاحت کی ہے۔ تاریخ سے دلچسپی رکھنے والوں اور مختلف قوموں اور برادریوں کی اصل اور حقیقت سے باخبر ہونے والے حضرات کو اس سے استفادہ کرنا چاہیے۔

ملیریا

مؤلف : مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحی (ہومیوپیتھ)

صفحات : ۳۶ × ۲۳ / ۱۶ ۲۳۲

جلد : پیپر بیک۔ سفید کاغذ، معیاری طباعت

قیمت : صرف بیس روپے (محصول ڈاک دو روپیہ بیس پیسے)

ناشر : ہومیوپیتھک ٹرسٹ ۳۰ علا ... ل روڈ، لاہور ۵۔

کتاب کے مؤلف ملک کے نامور بزرگ مولانا عبدالحی ہیں جو عالم باعمل اور کئی خوبیوں کے مالک ہیں، طبِ جسمانی میں ہومیوپیتھک ڈاکٹر ہیں۔

اپنے موضوع پر یہ کتاب ایک مکمل اور جامع دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ موصوف نے ملیریا کے عنوان پر ہر اعتبار سے سیر حاصل بحث کی ہے۔ مثلاً ملیریا کے بارے میں مختلف نظریات، مختلف خطوں میں اس کے اسباب و علاج، اس کی روک تھام کی موثر عملی تدابیر کے ساتھ ساتھ کتاب کا بیشتر حصہ ملیریا کے علاج اور اس کے لیے موزوں ادویہ کی تفصیلات پر مشتمل ہے۔ اس بیماری کے علاج بالمثل (ہومیوپیتھک طریقہ علاج) میں تیس ادویہ ہیں یعنی ہر علامت اور سبب کے لیے جدا دوا ہے۔ اس دوا کا انتخاب ہی اصل کام ہے۔ ہر صورت میں ایک ہی دوا نہ مفید ہو سکتی ہے، نہ موثر۔ یہ خصوصیت اس طریقۂ علاج کو دوسرے طریقوں سے ممتاز کرتی ہے۔ ڈاکٹر عبدالحی صاحب نے دوا کے انتخاب کا مسئلہ اس قدر آسان کر دیا ہے کہ (۲۱) کتاب کی مدد سے ایک عام آدمی بھی بہت حد تک یہ کام کر سکے گا۔ اس لیے یہ کتاب معالجین کے لیے اس موضوع کی دائرۃ المعارف اور ہر قسم کے افراد کے لیے بہترین رہنما ہے۔

اس کتاب کو حاصل کرنے والوں کو نہ صرف اس سے استفادے کا موقع ملے گا بلکہ وہ اس کی جو رقم ادا کریں گے وہ ہومیوپیتھک ٹرسٹ رفاہی ادارے کے فنڈ میں جمع ہو کر ایک صدقہ جاریہ میں شامل ہو جائے گی۔